## حدیث نبوی ﷺ

حضور رحمت عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ: وہ مسلمان نہیں جس کا پڑوسی اس کی تکلیف سے امان میں نہ ہو۔
(صحیح بخاری)



# اسرائیل دنیا کو ایٹمی جنگ کی بھٹی میں جھونکنا چاہتا ہے



عبید اللہ ناصر

اگر اسرائیل کا دفاع امریکہ کی مجبوری اور ضرورت ہے تو ایران کا دفاع چین اور روس کی بھی ضرورت ہے، ایران اگر مخدوش ہوا اور وہاں اسرائیل بلکہ درحقیقت امریکہ کی بالادستی قائم ہوئی تو چین کو زبردست اسٹریٹیجک جھٹکا لگے گا کیونکہ وسطی اشیا اور یوروپ تک پہنچنے کا اس کا راستہ بند ہو جائے گا۔قراقرم شاہراہ بھی بیکار ہو جائے گی، دوسرے یہ روس کے پاس بھی امریکہ سے یوکرین کا بدلہ لینے کا بہترین موقع ہے۔ عالمی امور میں طاقت کا توازن برقرار رکھنے کے لیے بھی روس اور چین دونوں کو ایران کی حمایت کرنا ہی پڑے گی۔ ایران کی ڈپلومیسی بھی یہی ہے کہ وہ اس معاملہ میں چین اور روس کو زیادہ سے زیادہ ملوث کرے، حالانکہ اردن کے شاہ عبداللہ دوم جیسے غدار ابھی بھی اسرائیل کے ساتھ کھڑے ہیں مگر کھل کر بولنے کی ہمت ان میں بھی نہیں ہے۔ اسرائیل اور مغربی دنیا کو یہ امید تھی کہ اسرائیل کی اس فوجی کارروائی سے ایران کے اندر موجودہ نظام کے مخالفین کو تقویت ملے گی اور اس سے موجودہ نظام کو بدلنے میں مدد ملے گی، یہ امید بھی خاک میں مل گئی ہے اور پورا ایران بشمول مسلح افواج فی الحال صہیونی جارحیت کے خلاف سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑے ہیں۔ٹرمپ نے ابراہیمی مذاکرات کے ذریعہ اسرائیل کی عرب ملکوں سے دوستی کرانے کی جو کوشش کی تھی وہ خود اسرائیل نے ہی مٹی میں ملادی ہے۔

اسرائیل نے ایران پر زبردست حملہ کر کے مشرق وسطیٰ میں جنگ کو وسعت ہی نہیں دی ہے، یہ تیسری جنگ عظیم نہیں بلکہ ایٹمی جنگ کا پیش خیمہ بھی بن سکتی ہے کیونکہ اسرائیل اور ایران دونوں ایٹمی طاقت ہیں۔ اسرائیل کے پاس عالمی اندازے کے مطابق 150 سے زائد ایٹم بم ہیں جبکہ ایران نے نیوکلیائی صلاحیت تو حاصل کر لی ہے لیکن ایٹم بن بنانے سے گریز کرتا رہا ہے مگر جب اس کے وجود کو خطرہ لاحق ہوگا تو وہ بھی اس کے لیے مجبور ہو جائے گا۔ حیرت انگیز بات یہ ہے کہ اسرائیل نے ایران پر اس وقت حملہ کیا ہے، جب وہ امریکہ سے ایٹمی مذاکرات شروع کر چکا تھا۔ پانچ دور کی گفتگو بھی ہو چکی تھی، مذاکرات کا چھٹا دور بھی شروع ہونے والا تھا، جسے اب خود ایران نے سعی لاحاصل کہہ کے موقوف کر دیا ہے۔ اسرائیل نے اپنی عادت اور صلاحیت کے مطابق ٹارگیٹ کلنگ کر کے ایران کے نیوکلیائی تنصیبات، اہم عمارتوں کو تباہ کرنے کے علاوہ ٹاپ ایٹمی سائنسدان، اعلیٰ ترین فوجی افسران کو شہید کر دیا۔ اسرائیل نے کہا ہے کہ اس نے یہ حملہ اس لیے کیا تا کہ ایران ایٹم بم بنانے کے قریب بھی نہ پہنچ سکے۔ اس سے زیادہ احمقانہ سوچ اور کیا ہو سکتی ہے کہ کسی باصلاحیت انسان کو مار کے یہ سمجھ لیا جائے کہ اب کوئی دوسرا باصلاحیت شخص پیدا ہی نہیں ہوگا۔ یہ بات ضرور ہے کہ اتنے زبردست خطرہ کے باوجود ایران کی ٹاپ لیڈرشپ بشمول فوجی افسران، نیوکلیائی سائنسدان وغیرہ ایک ہی وقت میں ایک ہی بلڈنگ میں کیوں موجود تھے جبکہ اس سے قبل بھی اسرائیل اسی طرح کے ٹارگیٹ کلنگ کے ذریعہ ایران کے دیگر افسران کو شہید کر چکا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ شاہ کے زمانہ میں ایران کی خفیہ تنظیم ساواک اور اسرائیل کی خفیہ تنظیم موساد میں جو باہمی تعاون تھا، وہ اسلامی انقلاب کے اتنے دنوں بعد بھی بقید حیات ساواک جاسوسوں اور انقلاب دشمن عناصر کے درمیان قائم ہے اور اسرائیل اپنی ٹیکنالوجی اور ان جاسوسوں کی مدد سے ہی یہ کامیاب ٹارگیٹ کلنگ کرتا ہے۔


لیکن اسرائیل نے ایران کو لقمہ تر سمجھنے کی غلطی کردی، ایران کے جوابی حملوں نے نہ صرف اسرائیل بلکہ عالمی برادری کو بھی حیرت میں ڈال دیا ہے، کسی کو امید نہیں تھی کہ ایران اسرائیل کے تمام دفاعی نظام کو تاش کے پتوں کی طرح بکھیر دے گا۔ ایران کے میزائل اور ڈرون حملوں نے اسرائیل کی راجدھانی تل ابیب اور بندرگاہ حیفہ کو تہس نہس کر دیا ہے۔ حیفہ میں ہندوستانی سرمایہ کار اڈانی کی تیل ریفائنری تباہ ہونے سے کھربوں ڈالر کا ان کا نقصان بھی ہوا۔ اب اسرائیلی وزیراعظم نیتن یہ رو رہا ہے کہ ہم نے ایران کے دہشت گردی کے اڈوں کو نشانہ بنایا تھا جبکہ ایران ہمارے شہریوں کو نشانہ بنا رہا ہے، اس کی اس مکاری پر ہنسی بھی آتی ہے غصہ بھی۔ امریکی صدر ٹرمپ کا موقف تھا کہ اس فوجی کارروائی کے بعد ایران نیوکلیائی سمجھوتے کے لیے مجبور ہو جائے گا مگر ایران نے مزید گفتگو سے ہی انکار کر کے ان کی ان صہیونیت نواز سوچ کو بھی ہوا میں اڑا دیا ہے۔ اسرائیل کی اس جارحیت کے بعد ایران کو جو عالمی حمایت حاصل ہوئی ہے، وہ بھی ایران کے حوصلوں کو بلند کرنے والی ہے۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ پوری اسلامی دنیا اپنے تمام اختلافات بھلا کر ایران کے ساتھ کھڑی ہوگئی ہے۔ ایران کی لیڈرشپ کی سعودی عرب کے ولی عہد محمد بن سلمان سے گفتگو اور شہزادہ سلمان کی جانب سے ایران کو بھرپور حمایت دینا اسرائیل اور امریکہ کی سب سے بڑی سفارتی شکست ہے۔ خیر سگالی کے طور پر سعودی عرب نے حج پر گئے ایرانی عازمین کو اس وقت تک اپنے یہاں شاہی مہمان کے طور پر روکے رکھنے کا اعلان کیا ہے، جب تک ایران میں حالات نارمل نہیں ہو جاتے۔ پرنس سلمان کا یہ کہنا کہ کوئی بھی مسلم ملک ایران کو شکست خوردہ نہیں دیکھنا چاہتا، نہ صرف ایران کو زبردست اخلاقی حمایت فراہم کرتا ہے بلکہ عالمی اتحاد بین المسلمین جو وقت کی اہم ترین ضرورت ہے، اس کو بھی استحکام بخشتا ہے۔ ایران کی حکومت کی جانب سے ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیاں اور پرنس سلمان کے مابین ٹیلی فونک گفتگو کا متن جاری کیا گیا ہے جس میں پرنس سلمان برادر ملک ایران کو ہر ممکن تعاون دینے کا وعدہ کرتے ہیں، چین نے ایران اور سعودی عرب کے درمیان جو مصالحت گزشتہ سال کروائی تھی، یہ اس کی کامیابی کہی جا رہی ہے۔

اگر اسرائیل کا دفاع امریکہ کی مجبوری اور ضرورت ہے تو ایران کا دفاع چین اور روس کی بھی ضرورت ہے، ایران اگر مخدوش ہوا اور وہاں اسرائیل بلکہ درحقیقت امریکہ کی بالادستی قائم ہوئی تو چین کو زبردست اسٹریٹیجک جھٹکا لگے گا کیونکہ وسطی اشیا اور یوروپ تک پہنچنے کا اس کا راستہ بند ہو جائے گا۔قراقرم شاہراہ بھی بیکار ہو جائے گی، دوسرے یہ روس کے پاس بھی امریکہ سے یوکرین کا بدلہ لینے کا بہترین موقع ہے۔ عالمی امور میں طاقت کا توازن برقرار رکھنے کے لیے بھی روس اور چین دونوں کو ایران کی حمایت کرنا ہی پڑے گی۔ ایران کی ڈپلومیسی بھی یہی ہے کہ وہ اس معاملہ میں چین اور روس کو زیادہ سے زیادہ ملوث کرے، حالانکہ اردن کے شاہ عبداللہ دوم جیسے غدار ابھی بھی اسرائیل کے ساتھ کھڑے ہیں مگر کھل کر بولنے کی ہمت ان میں بھی نہیں ہے۔ اسرائیل اور مغربی دنیا کو یہ امید تھی کہ اسرائیل کی اس فوجی کارروائی سے ایران کے اندر موجودہ نظام کے مخالفین کو تقویت ملے گی اور اس سے موجودہ نظام کو بدلنے میں مدد ملے گی، یہ امید بھی خاک میں مل گئی ہے اور پورا ایران بشمول مسلح افواج فی الحال صہیونی جارحیت کے خلاف سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑے ہیں۔ ٹرمپ نے ابراہیمی مذاکرات کے ذریعہ اسرائیل کی عرب ملکوں سے دوستی کرانے کی جو کوشش کی تھی وہ خود اسرائیل نے ہی مٹی میں ملادی ہے۔


اپنے وجود بلکہ شاید اس سے بھی پہلے جب برطانیہ نے 1917 میں فلسطین میں یہودیوں کے لیے اسرائیل کے قیام کا رسوائے زمانہ بالفورس اعلان کیا تھا تب سے ہی صہیونی اپنی دہشت گرد تنظیم ہگانہ کے ذریعہ انسانیت کا قتل عام شروع کر چکے تھے۔ 1948 میں اپنے قیام کے بعد سے ہی وہ امریکہ اور یوروپی ملکوں کی حمایت سے مشرق وسطیٰ میں امن اور استحکام کا دشمن بنا ہوا ہے۔ فلسطینیوں پر صہیونیوں کے انسانیت سوز مظالم خود یہودیوں پر ہٹلر کے مظالم سے کسی طرح کم نہیں ہیں حالانکہ فطری بات تو یہ تھی کہ خود انسانیت سوز مظالم کا شکار ہو چکی قوم دوسروں پر وہ ظلم نہ کرتی، خاص کر ان پر جنہوں نے تاریخ میں ہمیشہ یہودیوں کو پناہ دی ہے۔ اپنے قیام کے بعد سے ہی اسرائیل مسلسل عالمی قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ہر طرح سے اپنی من مانی کرتا رہا ہے۔ اقوام متحدہ کی قراردادوں کو جوتے کی نوک پر رکھ کر اس نے اپنی سرحدوں کی مسلسل توسیع کی اور گریٹر اسرائیل کا خواب شرمندۂ تعبیر کرتا رہا ہے، جس کی وجہ سے جس فلسطین میں اسے صرف 33 فیصد زمین ملی تھی، وہ اب 80 تا 85 فیصد زمین پر قابض ہے کیونکہ اس کی اس دیدہ دلیری کے پیچھے محض مضبوط یہودی لابی ہی نہیں ہے بلکہ یوروپ اور امریکہ کی عیسائی لابی بھی ہے جس کی یہودیوں سے تاریخی دشمنی رہی ہے اور جس نے بڑی چالاکی اور عیاری سے عربوں کے سینے میں اسرائیل نما خنجر پیوست کر کے اپنے اپنے ملک سے یہودیوں کو نکال کر اسرائیل بھیجنے میں کامیابی حاصل کر لی۔ پرامن انتقال آبادی کا یہ بے مثال کارنامہ ہے اور اب یہی لابی اسرائیل کی اسی لیے حمایت کر رہی ہے تا کہ یہودی کسی بھی حالت میں اپنے آبائی ملک واپس آنے کی نہ سوچ سکیں۔

اسرائیل کی اپنی تو کوئی آبادی ہے نہیں، وہ یوروپ کے مختلف ملکوں سے آ کر بسے یہودیوں کا ملک ہے جو ارض موعود میں آ کر بس گئے تھے مگر حماس اور اب ایران کے ڈرون اور میزائلوں نے ان میں عدم تحفظ کا احساس پیدا کر دیا ہے اور اب ان میں سے بیشتر لوگ اپنے اپنے ملکوں میں واپسی کی خواہش ظاہر کر رہے ہیں، یہ اسرائیل ہی نہیں خود یوروپ کی سازش، مکاری اور عیاری کی ناکامی ہے، ایک کروڑ سے بھی کم آبادی والا ملک اگر پھر انتقال آبادی کا شکار ہو گیا تو اس کا وجود ہی خطرہ میں پڑ جائے گا اور یہ خطرہ ایک نہ ایک دن سچ ضرور ثابت ہوگا۔

obaidnasir@yahoo.com



# وراثت کی ادائیگی، رشتوں کی سلامتی



عبداللطیف ندوی

ہماری سماجی دنیا میں بیٹی کو رخصت کرتے وقت لاکھوں روپیہ جہیز میں دیا جاتا ہے۔ سونے چاندی کے زیورات، قیمتی سامان، فرنیچر، گاڑیاں، الیکٹرانکس، سب کچھ دے کر ہم مطمئن ہو جاتے ہیں کہ ہم نے بیٹی کا فرض ادا کر دیا۔ مگر جیسے ہی ماں باپ کی وفات کے بعد جائیداد کی تقسیم کا وقت آتا ہے، وہی بیٹی یا بہن اچانک 'غیر' ہو جاتی ہے۔ نہ اس کا کوئی حق سمجھا جاتا ہے، نہ اس کی موجودگی کو وراثت کی فہرست میں شمار کیا جاتا ہے۔ اسے کبھی بیٹے کے مقابلے میں کمزور، تو کبھی غیر خاندان کا فرد مان کر دستبردار ہونے پر مجبور کیا جاتا ہے۔ کیا یہی اسلامی انصاف ہے؟ کیا یہی ہمارا ایمان ہے؟ اسلام نے عورت کو وراثت میں حق دیا ہے۔ صرف جذباتی احترام نہیں، بلکہ معاشی خودمختاری کا ایک مکمل، باقاعدہ اور شرعی نظام عطا کیا ہے۔ یہ حق نہ کسی بھائی کی مرضی پر منحصر ہے، نہ باپ کی وصیت پر، نہ شوہر کی اجازت پر۔ یہ حق براہِ راست اللہ کی طرف سے مقرر کردہ ہے، جس میں کسی کمی بیشی یا رعایت کی کوئی گنجائش نہیں۔ نہ یہ کسی مصلحت سے مشروط ہے، نہ کسی رسم و رواج سے۔ قرآنِ مجید میں صاف کہا گیا ہے کہ مردوں اور عورتوں کے لیے، والدین اور قریبی رشتہ داروں کے ترکہ میں سے مقررہ حصہ ہے، چاہے مال کم ہو یا زیادہ۔ اللہ تعالیٰ نے سورہ النساء میں واضح طور پر اس تقسیم کی تفصیل بیان فرمائی ہے۔ اللہ کی طرف سے مقرر کی گئی یہ تقسیم 'فرضاً من اللہ' ہے، یعنی ایسا واجب حکم جو ٹالا نہیں جا سکتا۔ اس حق کی پامالی گویا اللہ کے حکم سے انکار ہے۔ پھر بھی ہم ہزاروں لاکھوں کی جائیداد اپنے بیٹوں میں تقسیم کرتے وقت بہنوں کو محض ایک جذباتی الوداعی سلامی سمجھ لیتے ہیں۔ جہیز دے کر یہ سمجھ لیتے ہیں کہ ان کا حق ادا ہو گیا، جب کہ شریعت میں جہیز کو وراثت کے بدلے میں دینے کا کوئی تصور نہیں۔

آج کا تلخ ترین سماجی منظر یہ ہے کہ جن گھروں میں طلاق، خلع، یا میاں بیوی کے درمیان مسلسل جھگڑے اور علیحدگی کی نوبت آ رہی ہے، ان میں ایک بڑی وجہ بیوی کی معاشی بے بسی ہے۔ اگر شادی کے بعد عورت کو اس کے والدین کی طرف سے وراثت کا حق مل گیا ہوتا، تو وہ مالی طور پر مضبوط ہوتی، سسرال کے دباؤ میں نہ آتی، اور کسی نامناسب صورتِ حال میں اس کے پاس فیصلے کی آزادی اور اختیار ہوتا۔ وہ صرف ایک تابع فرمان بیوی نہ ہوتی بلکہ ایک باعزت خودمختار شخصیت کے طور پر رشتہ نبھاتی۔ لیکن جب اسے بچپن سے ہی محرومی کا سامنا ہوتا ہے، تو وہ شادی کے بعد بھی مکمل طور پر دوسروں کی محتاج بن جاتی ہے۔ یہ معاشی محتاجی صرف فرد کی نہیں، ایک پورے رشتے کو کمزور کر دیتی ہے۔ وہ رشتہ جس کی بنیاد محبت، تعاون اور انصافی برابری پر ہونی چاہیے، اس کی بنیاد محض مفاد اور برتری پر استوار ہو جاتی ہے۔ شوہر اگر ظلم کرے تو بیوی کے پاس بچنے کا کوئی ذریعہ نہیں، کیونکہ وہ ماں باپ کی جائیداد میں 'وارث' نہیں، صرف 'بیٹی' تھی۔ اور بیٹی کا مطلب صرف جہیز اور خاموشی؟ یہ تو ظلم ہے، جس کا انجام رشتوں کے ٹوٹنے، نفسیاتی بیماریوں کے بڑھنے، اور بچوں کی بربادی کی شکل میں سامنے آتا ہے۔

معاشی استحکام صرف مرد کے لیے ضروری نہیں، عورت کے لیے بھی ضروری ہے۔ خاص طور پر آج کے دور میں جب مہنگائی، بے روزگاری، اور معاشرتی دباؤ میں اضافہ ہو رہا ہے، عورت کا مالی طور پر خودمختار ہونا نہ صرف اس کی عزتِ نفس کے لیے لازم ہے بلکہ پورے خاندان کے استحکام کے لیے بھی ضروری ہے۔ اگر بہن کو اس کا حصہ مل جائے تو وہ زندگی کے ہر موڑ پر باوقار طریقے سے جینے کی طاقت رکھتی ہے۔ ہمیں یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ اسلامی وراثت کا قانون نہ صرف عدل پر مبنی ہے، بلکہ یہ خاندانی نظام کو مضبوط کرنے والا ہے۔ جب بہن کو اس کا حق دیا جائے گا، تو بھائی سے اس کا تعلق مضبوط ہوگا۔ معاشی رشتے جب انصاف پر قائم ہوتے ہیں، تو جذباتی رشتے اور زیادہ گہرے اور پائیدار ہو جاتے ہیں۔ بہن کو صرف 'جذباتی سہارے' کی نہیں، ایک 'معاشی پہچان' کی بھی ضرورت ہے۔ یہی پہچان اسے معاشرے میں باعزت بناتی ہے۔


کیا ہم نے کبھی سوچا کہ قیامت کے دن یہ بہنیں اللہ تعالیٰ کی عدالت میں ہمارا دامن پکڑیں گی؟ وہ فریاد کریں گی کہ ہمارے بھائیوں نے ہمارا حق کھا لیا، ہمیں باپ کے مال سے محروم کیا، اور جہیز کے نام پر ہمیں بہلایا گیا۔ اُس دن نہ دنیاوی رسمیں کام آئیں گی، نہ کسی کا حوالہ، نہ بہانے۔ صرف عمل بولے گا اور وہ بھی ہر لفظ، ہر نیت کے ساتھ۔ ایسے میں اگر ہم نے دانستہ کسی کا حق روکا، تو اس کا انجام سخت ہوگا۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ کچھ بہنیں اپنی مرضی سے وراثت کا مطالبہ نہیں کرتیں، یا بھائیوں کے سامنے خاموش ہو جاتی ہیں۔ کچھ یہ سوچتی ہیں کہ کہیں رشتہ خراب نہ ہو جائے، کچھ مجبوری یا خوف میں چپ ہو جاتی ہیں۔ مگر ایک باشعور مسلمان کے لیے یہ کافی نہیں۔ جب آپ کو معلوم ہے کہ آپ پر ایک شرعی فریضہ ہے، تو آپ کی ذمہ داری ہے کہ چاہے بہن مانگے یا نہ مانگے، آپ اس کا حصہ ادا کریں۔ وراثت کے مال پر قابض ہونا نہ صرف دنیاوی جرم ہے بلکہ شرعی لحاظ سے بھی کبیرہ گناہ ہے۔

خاندانی جھگڑوں، جائیداد کے مقدمات، عدالتوں کی قطاریں، بھائیوں کے درمیان دشمنی، اور بہنوں کی آنکھوں میں چھپا دکھ — ان سب کی جڑ میں یہی 'ناانصافی' چھپی ہے۔ جس دن ہم نے بہنوں کو ان کا شرعی حق دینا شروع کر دیا، اس دن خاندان میں امن، عورت میں خوداعتمادی، اور نکاح میں مضبوطی آ جائے گی۔ بیٹیاں صرف جہیز کی محتاج نہ رہیں گی، بلکہ اپنے قدموں پر کھڑی ہونے والی ایک معتبر شخصیت بنیں گی۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ علمائے کرام، مفتیانِ کرام، خطباء، اور دینی رہنما اس مسئلے کو پوری سنجیدگی سے بیان کریں۔ نکاح کے خطبوں میں صرف مہر اور جہیز کا ذکر نہ ہو، بلکہ وراثت کا حق بھی وضاحت سے بیان کیا جائے۔ مدارس اور مدارس سے باہر، خواتین کے اجتماعات میں، اور جمعہ کے خطبوں میں اس پیغام کو عام کیا جائے کہ بیٹی کو جہیز دینا کافی نہیں، اسے وارث بنانا ہی اصل عدل ہے۔ والدین کو بھی چاہیے کہ وہ اپنی زندگی میں ہی وراثت کی شریعت کے مطابق تقسیم کا اہتمام کریں تا کہ بعد میں تنازعہ نہ ہو۔

آخری بات یہ کہ وراثت دینا صرف ایک مالی عمل نہیں بلکہ یہ عدل، محبت اور رشتوں کی حفاظت کا ضامن ہے۔ وراثت کی ادائیگی اللہ کی رضا کا راستہ ہے، اور اس کی محرومی رشتوں کے بگاڑ کی ابتدا۔ ہم دنیا میں کئی قسم کے صدقات و خیرات کرتے ہیں، مسجدیں بناتے ہیں، حج و عمرہ کرتے ہیں، مگر جس حق کا حکم اللہ نے خود دیا ہے، اگر اس میں خیانت کریں گے تو باقی نیکیاں بھی خطرے میں پڑ سکتی ہیں۔ آیئے، ہم سب اس پیغام کو سنجیدگی سے لیں اور اس پر عمل کر کے دنیا میں بھی رب کو راضی کریں اور آخرت میں بھی سرخرو ہوں۔

رابطہ نمبر: 7355097779

# علم و ادب کی روشن قندیل غلام علی شاہ کی ادبی خدمات



وصی اللہ قاسمی

19 دسمبر 2012 کو اردو محفل کے ایک باوقار ادبی پروگرام میں حضرت اظہار وارثی مرحوم کی یاد میں ایک خصوصی نشست منعقد ہوئی، جہاں پہلی مرتبہ غلام علی شاہ سے سامعین کی ملاقات ہوئی۔ اس نشست نے صرف ان کی علمی قابلیت ہی نہیں بلکہ ان کی شخصیت کے بے شمار پہلو بھی حاضرین کے سامنے عیاں کیے۔ چھوٹے قد، کشادہ پیشانی، گول چہرے، خوش وضع مونچھوں اور سحر انگیز آنکھوں والے غلام علی شاہ صرف ایک ادیب نہیں بلکہ ایک انجمن تھے، جو بیک وقت نثر، نظم، تنقید، افسانہ نگاری اور نظامت کے میدان میں اپنی مثال آپ تھے۔ ادبی حلقوں میں ان کا نام عزت و احترام سے لیا جاتا ہے۔ وہ اپنی گفتگو کے ذریعے محفل کو سحر میں جکڑ لینے کا ہنر رکھتے تھے۔ ان کا اندازِ تخاطب، جملوں کی ترتیب اور الفاظ کا چناؤ ایسا محسوس ہوتا جیسے الفاظ کسی منظم لشکر کی طرح قطار میں کھڑے ہیں اور غلام علی شاہ ان کو انتہائی سلیقے سے استعمال کر کے ایک منفرد ادبی کائنات خلق کر رہے ہوں۔ ان کی تحریروں میں جہاں سادگی تھی وہیں معنویت کی گہرائی بھی، اور یہی ان کی سب سے بڑی خوبی تھی۔

غلام علی شاہ کی پیدائش 2/ اکتوبر 1976 کو شہر بہرائچ کے محلہ غلام علی پورہ (بڑی تکیہ) میں ہوئی۔ ان کے والد کا نام ساجد علی شاہ تھا۔ تعلیم کا آغاز بڑی تکیہ کے پرائمری اسکول سے ہوا، پھر آزاد انٹر کالج سے ہوتے ہوئے ایم ایل کے ڈگری کالج بلرام پور سے ایم ایس سی (فزکس) کی تکمیل کی۔ وہ پیشے سے اردو مترجم تھے اور ضلعی انتظامیہ کے دفتر (ڈی ایم آفس) سے وابستہ تھے۔ غلام علی شاہ کی شخصیت اپنے اندر خوش اخلاقی، ملنساری، شائستگی اور وقار کا مجموعہ تھی۔ ان کا اندازِ گفتگو اس قدر پراثر تھا کہ سننے والا ہمہ تن گوش ہو جاتا۔ تقریر یا مقالہ ہو، وہ ہر موقع پر اپنی بات کو اس مہارت سے پیش کرتے کہ سامعین بے اختیار داد دینے پر مجبور ہو جاتے۔ اردو محفل کے اسٹیج سے ان کی پیش کردہ تحریریں ہمیشہ دل و دماغ پر گہرا اثر چھوڑتی تھیں۔

ان کی ادبی زندگی کا آغاز کوئی رسمی نہیں تھا، بلکہ وہ ایک طبعی رجحان کا تسلسل تھی جسے معروف ادبی شخصیت سید خالد محمود کی رہنمائی نے جلا بخشی۔ انہوں نے ادب کے تقریباً ہر شعبے میں طبع آزمائی کی، اور غزل، نظم، افسانہ، مضمون، سپاس نامہ، تبصرہ وغیرہ ہر صنف میں ان کے نقوش نمایاں رہے۔ ان کی تحریروں میں کسی بھی قسم کی پیچیدگی یا ثقالت نہیں ہوتی، بلکہ وہ سادہ زبان، عام فہم انداز، اور نرم لب و لہجہ کے ساتھ اپنے خیالات کو پیش کرتے۔ ان کی تحریریں معنوی اعتبار سے اتنی بھرپور ہوتیں کہ قاری ان میں خود کو شریک محسوس کرتا۔

اردو ادب کی کئی اصناف میں ان کی گہری دلچسپی اور مہارت کو سید خالد محمود نے ان الفاظ میں سراہا کہ ''آپ نے اردو ادب کا میدان حد درجہ زرخیز پایا اور ایک سال کے اندر کئی بہترین مقالات تحریر کیے، جنہیں اردو محفل کے اسٹیج سے پڑھ کر اپنی ادبی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کیا۔'' انہوں نے مزید کہا کہ غلام علی شاہ تحریری روایات کی پرانی اور فرسودہ قید سے نکل کر جدید اور تازہ اسلوب کے نمائندہ نظر آتے ہیں۔

یہ بات بھی اہم ہے کہ غلام علی شاہ کی نگارشات صرف خیالی تصورات تک محدود نہ تھیں، بلکہ وہ اپنے قلم کے ذریعے موجودہ سماجی، ادبی، ثقافتی اور معاشرتی حالات پر گہری نظر رکھتے تھے۔ ان کی تحریریں پڑھ کر محسوس ہوتا کہ وہ ایک صاحبِ نظر دانشور تھے، جو محض ادیب نہیں بلکہ قوم و ملت کے مزاج شناس بھی تھے۔ انہوں نے اردو ادب کو محض زبان کی حد تک نہیں بلکہ فکر و نظریہ کی سطح پر بھی تقویت دی۔ ان کے مضامین کی زبان نہایت رواں اور شگفتہ ہوتی۔ انہوں نے ہمیشہ آسان اور سادہ الفاظ میں گہری بات کہی، اور اسی وجہ سے ان کی تحریریں خاص و عام میں یکساں مقبول ہوئیں۔ ان کا اسلوب مغلق اصطلاحات اور گنجلک جملوں سے پاک ہوتا، بلکہ سادگی، شفافیت اور تاثیر ان کی بنیادی خصوصیات تھیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے مضامین رسالہ پنجاب، پرواز ادب (دہلی)، بیسویں صدی (دہلی)، لاریب (لکھنؤ)، خرام (کانپور)، اور محفل نامہ (بہرائچ) جیسے معیاری رسائل کی زینت بنے۔

افسانہ نگاری میں بھی غلام علی شاہ کا مقام ناقابلِ فراموش ہے۔ وہ الفاظ کے چناؤ، پلاٹ کی ترتیب اور کردار نگاری میں اعلیٰ مہارت رکھتے تھے۔ ان کے افسانے سننے والوں کو ایک دنیا میں لے جاتے۔ انہوں نے آکاش وانی لکھنؤ اسٹیشن سے تقریباً درجن بھر افسانے نشر کیے، جنہیں عوام اور نقادوں دونوں نے سراہا۔ ڈاکٹر مبارک بہرائچی نے بجا طور پر کہا کہ غلام علی شاہ الفاظ کے استعمال میں ایسی مہارت رکھتے تھے کہ ان کے افسانے ایک فنی شاہکار بن جاتے۔

ادب کے طالب علم جانتے ہیں کہ اکثر اچھے نثر نگار نظم گوئی میں بھی دسترس رکھتے ہیں۔ غلام علی شاہ بھی ان میں شامل تھے۔ وہ ایک ایسے شاعر تھے جو محض قوافی کے سہارے نظم نہیں کہتے تھے بلکہ ان کی شاعری میں جذبے، فکر اور اثر کا گہرا امتزاج ملتا تھا۔ انہوں نے کئی طویل اور فکری نظمیں لکھیں، جن میں عصری مسائل اور تہذیبی زوال پر گہری نظر ملتی ہے۔ لیکن ان کی اصل شناخت نثر نگاری، اور خاص طور پر مضمون و مقالہ نویسی کے میدان میں رہی۔ انہوں نے اردو زبان کے وقار کو بلند کرنے میں جو کردار ادا کیا، وہ بہرائچ کی ادبی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ وہ ایک ایسے لکھاری تھے جن کے قلم سے نکلنے والا ہر جملہ ایک خاص معنویت رکھتا تھا، اور یہی ان کی کامیاب ادبی زندگی کی دلیل ہے۔

غلام علی شاہ جیسے افراد کسی قوم کا سرمایہ ہوتے ہیں۔ وہ علم، ادب اور تہذیب کے سفیر تھے۔ وہ نہ صرف بہرائچ بلکہ پورے اردو دنیا کے لیے فخر کا باعث تھے۔ ان کی زندگی، ان کا اسلوب، اور ان کا ادبی ورثہ آنے والی نسلوں کے لیے ایک روشن مینار کی حیثیت رکھتا ہے۔ ان کا نام ہمیشہ ان ادیبوں میں شامل رہے گا جنہوں نے خلوص، سنجیدگی اور سادگی کے ساتھ اردو زبان کی خدمت کی اور ادب کو نئی جہتوں سے روشناس کرایا۔ غلام علی شاہ کی ادبی خدمات ہمیں یہ سبق دیتی ہیں کہ اگر جذبۂ خدمت اور ذوقِ مطالعہ ہو تو کسی بھی فیلڈ میں رہتے ہوئے ادبی میدان میں نمایاں مقام حاصل کیا جا سکتا ہے۔ وہ اردو کے سچے عاشق اور تحریر کے درویش تھے۔ آج جب ہم اردو زبان کے زوال اور نوجوان نسل کی بے رغبتی کی بات کرتے ہیں تو غلام علی شاہ جیسے ادیب ہمارے لیے مشعل راہ ہیں۔ ان کی زندگی سے نئی نسل یہ سیکھ سکتی ہے کہ سادگی، سنجیدگی، اخلاق، اور فکری گہرائی کے ساتھ ادب کی خدمت کس طرح کی جاتی ہے۔ ان کا قلم ہمیشہ زندہ رہے گا۔

رابطہ نمبر: 7651830565

لکھنؤ سے شائع ہونے والا اردو روزنامہ
لوہیا نامہ
URDU DAILY LOHIA NAMA LUCKNOW

## جنگ رکوانے کی کوششیں!

مختلف ممالک کی جانب سے صبر و تحمل اور فائر بندی کی اپیلوں کے باوجود ایران اسرائیل جنگ تشویشناک مرحلے میں داخل ہوگئی ہے اور دونوں ایک دوسرے کی فوجی اور صنعتی تنصیبات کو میزائلوں کا نشانہ بنا رہے ہیں۔ ایران نے اپنے خطرناک میزائلوں کی بارش سے اسرائیل میں جو تباہی مچائی ہے اس کے پیش نظر امریکی صدر ٹرمپ نے بھی جنگ بندی کیلئے ڈیل کرانے کا عندیہ دیا ہے۔ مگر ایسا لگتا ہے کہ اسرائیل نے ایران میں جو اہداف مقرر کر رکھے ہیں، ان کے حصول تک امریکا بھی اسے امن کی ترغیب نہیں دے سکے گا۔ امریکی صدر نے اگرچہ کہا ہے کہ وہ پاک بھارت جنگ بند کرا چکے ہیں اور اسی طرز پر اب ایران اور اسرائیل میں بھی معاہدہ کرا سکتے ہیں۔ مگر مبصرین کی رائے میں امریکا اس وقت تک اس معاملے میں مداخلت نہیں کرے گا جب تک اسرائیل خود گھٹنے نہ ٹیک دے۔ ایرانی میزائل حملوں سے بچنے کیلئے اسرائیلیوں نے اتوار کی رات بھی بنکروں میں گزاری۔ خود وزیراعظم نیتن یاہو بھی بنکر میں بند رہے جبکہ قیصریہ میں ان کا آبائی گھر ایرانی فضائی حملے میں تباہ ہو چکا ہے۔ اتوار کو روسی صدر پیوٹن سے امریکی صدر نے 50 منٹ ٹیلی فون پر بات کی، اس دوران پیوٹن نے فریقین میں ثالثی کی پیشکش کی۔ صدر ٹرمپ نے اسے قبول کرنے کا ارادہ تو ظاہر کیا ہے مگر اس سلسلے میں کوئی عملی قدم نہیں اٹھایا۔ مغربی اتحادی ممالک برطانیہ، جرمنی اور فرانس نے ایران کو جوہری مذاکرات کی پیشکش کی ہے جبکہ چین نے ایران اور اسرائیل کو جنگ بند کرنے اور اختلافی مسائل حل کرنے کیلئے مذاکرات کا راستہ اختیار کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ صدر ٹرمپ ایک طرف جنگ بندی کیلئے ڈیل کرانے کا عندیہ دے رہے ہیں تو دوسری طرف ایک اطلاع کے مطابق خفیہ طور پر تین سو انتہائی مہلک میزائل اسرائیل پہنچا دیے ہیں اور دوسرا جنگی سامان اس کے علاوہ ہے۔ ٹرمپ نے ایران کو دھمکی بھی دی ہے کہ اگر اس نے مشرق وسطیٰ میں امریکی اڈوں کو نشانہ بنایا تو اس کا ایسا جواب دیا جائے گا جو اس سے پہلے کسی نے نہ دیکھا ہو۔ اندرون خانہ اسرائیل بھی ایرانی حملوں کی تاب نہ لا کر کسی نہ کسی شکل میں امن کا خواہاں دکھائی دیتا ہے جبکہ ایران کی جانب سے قبرص، عمان اور قطر سے رابطوں کی اطلاعات ہیں، تا کہ وہ واشنگٹن سے ثالثی کی راہ ہموار کریں۔

ایسے وقت میں جب ایران اور اسرائیل کے اہم شہر اور فوجی، جوہری اور صنعتی تنصیبات ایک دوسرے کے میزائلوں کی زد میں ہیں، یہ انکشاف ایرانی انٹیلی جنس کی ناکامی پر دلالت کرتا ہے کہ اسرائیل نے جنگ شروع کرنے سے بہت پہلے اپنے جاسوسوں کا گروہ اور فوجی ساز و سامان خفیہ طور پر ایران پہنچا دیا تھا، جس کی مدد سے ایک خفیہ اڈہ بنایا گیا جس میں اسرائیلی ڈرون تیار کیے جانے لگے۔ یہی وہ ڈرون تھے جنھوں نے جنگ کی ابتدا میں ایران کی فوجی قیادت اور ایٹمی سائنسدانوں کو شہید کیا اور جنگ کا پانسہ اسرائیل کے حق میں پلٹنے میں مدد دی۔ مبینہ طور پر یہ نیتن یاہو اور ڈونلڈ ٹرمپ کا مشترکہ منصوبہ تھا، جس کی ایرانی انٹیلی جنس کو خبر تک نہ ہوئی۔ امریکی سی آئی اے کے ایک سابق افسر نے گیارہ سال پہلے پیشن گوئی کر دی تھی کہ نیتن یاہو ایران پر حملے کی تیاری کر رہا ہے، جس میں وہ شیطانی چالبازی سے امریکا کو بھی حملے میں شریک کر لے گا۔ اس وقت جو بظاہر صورتحال نظر آ رہی ہے وہ اس پیشن گوئی کے عین مطابق ہے۔ اسرائیل خدانخواستہ اپنے منصوبے میں کامیاب ہو گیا تو دنیا کی دوسری بڑی قوتیں اور اسلامی ممالک بھی اس کے اثرات سے بچ نہیں پائیں گے، چوتھی عالمی جنگ ناگزیر ہو جائے گی جو عالم انسانیت کی تباہی کیلئے شاید آخری جنگ ثابت ہو۔ خدا، ایسی جنگ رکوانے کی کوششوں میں کامیابی دلائے!

